09/04/2026

12:30 /PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلیٹن لیکر میناعجازہ اختر

LG

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے یونیورسٹیوں اور تعلیمی اداروں پر زور دیا ہے کہ وہ سماج کے تئیں اپنی ذمہ داریوں کو نبھاتے ہوئے منشیات جیسی بدعات کا قلع قمع کرنے میں اپنا بھر پور رول ادا کریں۔

لوک بھون جموں میں کلسٹر یونیورسٹی آف سرینگر کی یونیورسٹی کونسل کی دوسری میٹنگ سے خطاب کر تے ہوئے انہوننے یونیورسٹی پر زور دیا کہ وہ وِکست بھارت یووا کنکٹ اور دیگر قومی مربوط کا ری پروگراموں میں نوجوانوں کی زیادہ سے زیادہ شراکت داری کو یقینی بنائیں۔ میٹنگ میں یونیورسٹی سے جڑے متعدد امور پر سیر حاصل تبادلہ خیال کیا گیا۔

وزیر اعلیٰ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے سماج کو درپیش مختلف چلینجوں کا مقابلہ کرنے کےلئے متحد ہو کر کام کرنے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ اگر چہ حکومت اس ضمن میں اپنا کام کر رہی ہے تاہم سماج کے سبھی طبقوں کو بھی اس کام میں شامل کیا جانا چاہئے۔

کنونشن سینٹر جموں میں سکولی تعلیم محکمے کی طرف سے منعقد کئے جا رہے تین روزہ ڈویژنل سطح کے بیداری پروگرام کا افتتاح کرنے کے بعد خطاب کر تے ہوئے انہوننے نوجوانوں پر زور دیا کہ وہ منشیات کا قمع قمع کرنے، ماحولیات کو تحفظ دینے نیز سماج کو ایک مثبت راہ پر گامزن کرانے کےلئے کام کریں۔

IT

جمونوکشمیر میں ڈیجیٹل اور اختراعیت کے نظام کو تقویت بخشنے کی غرض سے الیکٹرانکس اینڈ انفارمیشن ٹیکنالوجی نے انڈین انسٹی چیوٹ آف ٹیکنالوجی جموں میں مصنوعی ذہانت کا جدید طرز کا سینٹر آف ایکسلنس قائم کرنے کو منظوری دی ہے۔

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے اس پیش رفت کو تاریخی حصولیابی قرار دیا ہے۔ انہوننے کہا ہے کہ جموں اور سرینگر میں IT-پارکس بھی قائم کی جا رہی ہیں

ڈلو

یوجنا کے تحت تمام مستحقین Antyodaya Anna جمونو کشمیر حکومت نے تمام اضلاع میں کو2سو یونٹ مفت بجلی فراہم کرنے کےلئے اہل مستحقین کی نشاندہی کا عمل شروع کیا ہے۔

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے جموں میں اس عمل کا جائزہ لیا۔ انہیں بتایا گیاکہ یوٹی میں اس پہل سے 2لاکھ22ہزار مستحقین کو فائدہ ملے گا۔

سرینگرDC

سرینگر کے ضلع ترقیاتی کمشنر اکشے لابرو نے کل ایک میٹنگ کے دوران ضلعے میں اٹل اینڈ ار بن ٹرانسفارمیشن دویم کے تحت عملائے جا رہے بڑے واٹر Rejuvenation مشن فار سپلائی پروجیکٹوں کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔

انہیں بتایا گیا کہ سرینگر شہر میں لوگوں کو پینے کے پانی بہتر سہولیات دستیاب کرانے کے تحت19پروجیکٹ تکمیل کے مختلف مراحل میں ہیں۔Amrut کےلئے

بڈگامDC

بڈگام کے ضلع ترقیاتی کمشنر اطہر عامر خان نے سرینگر بین الاقوامی ہوائی اڈے کا دورہ کر کے وہاں اس سال حج عازمین کے علاوہ سالانہ شری امر ناتھ جی یاترا کے سلسلے میں کی جا رہی تیاریوں کا جائزہ لیا گیا۔

انہوننے متعلقہ محکموں کو ہدایت دی کہ وہ بہتر تال میل کے ساتھ کام کر کے حج عازمین اور یاترا پر آنے والے شردھالوؤں کےلئے بہتر سہولیات کی دستیابی کو یقینی بنائیں۔ واضح رہے کہ حج پروازوں کی روانگی کا سلسلہ 18اپریل سے شروع ہو رہا ہے۔

اننت ناگDC

اننت ناگ کے ضلع ترقیاتی کمشنر بلال محی الدین بٹ نے ڈورو میں ایک عوامی دربار کے دوران لوگوں کے مسائل کے بارے میں جانکاری حاصل کی۔ انہوننے لوگوں کو یقین دلایا کہ اُجاگر کئے گئے تمام مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے گا۔

فوج

فوج کی چنار کور کی طرف سے اوڑی بارہمولہ کے گورنمنٹ گرلز ہائر سکنڈر ی سکول نے عالمی صحت دن کی نسبت سے ایک جانکاری پروگرام منعقد کیا گیا جس میں مقامی Lagama لوگوں خاص کر نوجوانوں نے بڑھ چڑھ کر شرکت کی۔

اسی دوران فوج کے چنار یووا سینٹر بارہمولہ کی طرف سے7اور8اپریل کو ایک میگا روزگار میلہ منعقد کیا گیا جس میں قریب3ہزار خواہشمند نوجوانوں نے اپنا اندراج کرایا۔اس دوران1ہزار1سو اسامیاں پُر کی جا رہی ہیں۔

ٹائیگر ڈویژن

فوج کے ٹائیگر ڈویژن جموں میں جمونو کشمیر پولیس کے اہلکاروں کےلئے دہشت پسندی مخالف ریفریشر کورس کا آغاز ہوا۔

کے علاوہ کئی دیگر GOC آرمڈ جمونو کشمیر آنند جین اورٹائیگر ڈویژن کےADGPتقریب پر اعلیٰ افسران بھی موجود تھے۔

سکاسٹ

شیر کشمیر یونیورسٹی آف ایگریکلچرل سائنسز اینڈ ٹیکنالوجی کشمیر کے وائس چانسلر پروفیسر نذیر احمد گنائی نے کل یونیورسٹی کے ڈائریکٹوریٹ آف ایکسٹنشن میں Next Gen e-Plantکلینک کا افتتاح کیا۔

اس موقعے پر ڈائریکٹر ایکسٹنشن پروفیسر ڈاکٹر رئیحانہ حبیب کنٹھ اور کئی دیگر افسران بھی موجود تھے۔

آگ

کپواڑہ سے ہمارے نمائندے رفیق احمد نے خبر دی ہے کہ گذشتہ رات کپواڑہ کے بس اسٹینڈ میں آگ کی ایک ہولناک واردات میں7مسافر گاڑیاں خاکستر ہو گئیں۔

انہوںنے کہا کہ یہ آگ رات کے ساڑھے11بجے نمودار ہوئی تاہم فائر سروس ٹیموں، پولیس اور مقامی لوگوں نے بر وقت کارروائی کر کے آگ کو پھیلنے سے روک دیا۔ اس حادثے میں کسی زخمی ہونے کی کوئی اطلاع نہیں ہے۔

باندی پورہ

گورنمنٹ ڈگری کالج بانڈی پورہ میں نشہ مکت بھارت ابھیان کے تحت ایک بیداری پروگرام کا انعقاد کیا گیا۔ اس دوران مقررین نے منشیات کے مضر اثرات کو اُجاگر کرتے ہوئے زور دیا کہ وہ سماج کو اس لعنت سے پاک کرنے میں اپنا کلیدی رول ادا کرے۔

Closing

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خدا حافظ

……………………………

……………..

…….